تمام آسمان و زمین والوں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ سَادَاتِ بَرِیَّتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور آل محمدؐ پر جو کہ سردار ہیں تیری تمام مخلوق کے سرداروں کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعَبِیْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو تمام بندوں کے سردار ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ الْعَلِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ سیّد ہیں ۔ علم (ظاہر و باطن) کے مالک ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ کُلِّ مَسُوْدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور آل محمدؐ پر جو سردار ہیں ہر سیادت والے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَسْیَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو سادات کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْجُنُوْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو سردار ہیں لشکروں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ الْاَعْظَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ سیّد اعظم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ خَلْقِ اللّٰہِ اَجْمَعِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ سردار ہیں اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَوْلِیَآئِکَ الْعَارِفِیْنَ

و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ سردار ہیں تیرے اولیاء عارفین کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ مَلٰٓئِکَتِکَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب سردار ہیں تیرے ملائکہ

الْمُقَرَّبِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِنَا

مقربین کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو ہمارے سردار

رَسُوْلٍ مُّسْتَغِیْثٍ مُّقْتَصِدٍ حَلِیْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

کہ رسول (اللہ سے) طالب امداد۔ درمیانہ رو اور حلیم ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ وَالْفَرِیْقَیْنِ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ سردار ہیں کونین اور جن و انس اور فریقین (عرب و عجم) کے

فَتَّاحٌ فَاتِحُ اللّٰہِ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

مشکلات حل کرنے والے اللہ تعالیٰ کی طرف سے صاحب فتح، اللہ تعالیٰ کی مجسم نصرت اور قریب تر فتح۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام بھیج

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَسْرَارِ الْمَلَکُوْتِ وَالْعَالَمِ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ مالک ہیں اسرارِ ملکوت اور تمام جہان کے ساتھ اور عالم ہیں

بِغَایَۃِ الرَّغَبُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

غایت رغبت اور جبروت وجلال خداوندی کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور آل محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں دُنیا و آخرت کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِنَا الْاَکْمَلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محمد پر اور آل محمد پر جو ہمارے سیّد اکمل ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَطْفَالِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں بچوں کے (بچپن میں) اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الشُّیُوْخِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں شیوخ کے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْکُھُوْلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کہ سردار ہیں ادھیڑ عمر والوں کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ اللَّیِّنِ اَللّٰھُمَّ

و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو نرم مزاج سردار ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَھْلِ الرُّتَبِ

صلواۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سردار ہیں عالی مرتبت

الْفَاضِلَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ

لوگوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا کہ چودھویں کے

الْبَدْرِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ

چاند ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو آقا فریقین

الْفَرِیْقَیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
(عرب وعجم) کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو
سَیِّدِ الْعٰلَمِیْنَ عَلَی الْاِطْلَاقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
آقا سردار ہیں تمام جہانوں کے علی الاطلاق۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور
اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْوُجُوْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
آل محمدؐ پر جو آقا سیّد الوجود ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل
مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَھْلِ الْفَضْلِ وَالْجُوْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
محمدؐ پر جو محبوب سردار ہیں تمام ارباب فضیلت اور اصحاب جود و نوال کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَزَلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو آقا سیّد ازل ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَبَدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب سیّد الابد ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْوَرٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب سیّد الورٰی (مخلوق) ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَھْلِ الْمَشَارِقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب اہل مشرق کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ اَھْلِ الْمَغَارِبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ اہل مغرب کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اَللّٰھُمَّ
و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ ملاء اعلیٰ کے سردار ہیں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ الْمَجِیْدِ اَللّٰھُمَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب کہ بلند مرتبت سردار ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

صلواۃ و سلام نازل فرما محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب کہ سیّد اُمّت ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ الْکَامِلِ النَّبِیْلِ

وسلام نازل فرما محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب کہ سیّد کامل عظیم المرتبت ہیں

اَلَّذِیْ جَآءَ بِالْوَحْیِ وَالتَّنْزِیْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جو وحی الٰہی اور کلام منزل لائے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب ہر چھوٹے اور بڑے کے سردار ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدِنِ السَّیِّدِ الْمُعَلَّی الْاَعْلٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ

فرما محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب کہ سیّد معلّٰی و اعلےٰ ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَاهٍ نَّبِیِّنَا

وسلام نازل فرما محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب کہ سردار ہیں جنّ وانس کے ۔ منع فرمانے والے ہیں دبرائیوں سے ہمارے

رَسُوْلٌ صَاحِبُ النِّعْمَةِ هَاشِمِیٌّ کَرَامَةُ اللّٰهِ فَصَلِّ یَا رَبِّ وَسَلِّمْ

نبی ۔ رسول ۔ مالک نعمت ۔ ہاشمی ۔ اللہ تعالےٰ کی مجسم عنایت اور کرم ۔ پس اے میرے ربّ صلواۃ و سلام

وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِیْ وَ

اور برکت نازل فرما محمّد پر اور آل سیّدنا محمّد پر اور میرے لیے مغفرت فرما اور

لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ اَجْمَعِیْنَ یَا خَیْرَ الْغَافِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا

تمام مومنین و مومنات کے لیے اے بہت بخشنے والے ۔ اے اللہ بے شک ہم

نَسْئَلُكَ الرِّضَا وَالْعَفْوَ عَمَّا مَضٰی یَا مَنْ یَّعْفُوْ عَنِ الزَّلَّاتِ وَ

سوال کرتے ہیں تجھ سے رضا کا اور عفو کا ان تمام لغزشات سے جو ہو چکیں ۔ اسے کہ درگزر فرماتا ہے لغزشوں سے اور

یَرْحَمُ الْعُصَاةَ وَیَمْحُوا السَّیِّئَاتِ یَآ اِلٰهِیْ عَلَی الذُّنُوْبِ نَدِمْنَا

رحم فرماتا ہے گناہگاروں پر اور مٹاتا ہے سیئات کو ۔ اے میرے خدا ، گناہوں پر ہم نادم ہیں

وَعَلٰی عَدَمِ الْعَوْدِ عَزَمْنَا وَبِنَبِیِّكَ تَوَسَّلْنَا وَاِلَیْكَ تَقَرَّبْنَا فَلَا تَرُدَّنَا

دوبارہ نہ کرنے پر عازم ہیں، تیرے نبی کے ساتھ توسل کرتے ہیں اور تیری بارگاہ کا قرب طلب کرتے ہیں پس ہمیں رد نہ

وَلَا تَقْطَعْ حَبْلَ رَجَآئِنَا وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا وَقَعَ مِنَّا فِیْ صَبَاحِنَا وَمَسَآئِنَا

فرما اور ہماری امید ورجا کے اسباب قطع نہ فرما۔ اور ہم سے مؤاخذہ نہ فرما ان امور پر جو سرزد ہوئے ہماری صبحوں اور شاموں میں

یَآ اِلٰهِیْ اِنْ طَرَدْتَّنَا عَنْ بَابِكَ فَعَلٰی بَابِ مَنْ نَّقِفُ وَاِنْ قَطَعْتَ

اے میرے خدا اگر تو نے ہمیں ٹھکرا دیا اپنے دروازے سے تو پس کون ہے جس کے در پر ہم ٹھہریں اور اگر تو قطع کرے

رَجَآئَنَا مِنْ جَنَابِكَ فَمَنْ نَّرْتَجِیْهِ وَنَسْتَعْطِفُ كَیْفَ وَقَدْ اَطْمَعْتَ

ہماری رجاء وامید کو تو کون ہے جس سے امید رکھیں اور لطف وکرم کی بھیک مانگیں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے حالانکہ تو نے امید دلائی ہے

كُلَّ شَقِیٍّ هَالِكٍ فَالْمُؤْمِنُوْنَ اَوْلٰی بِذٰلِكَ یَآ اِلٰهِیْ سَارَتِ السُّفُنُ

ہر بدبخت۔ تباہ حال کو تو مومن زیادہ حقدار ہیں اس کے۔ اے میرے خدا چل پڑیں سب کی کشتیاں (سوئے منزل)

وَسَفِیْنَتِیْ وَقَفَتْ وَانْتَهَتِ النُّفُوْسُ وَنَفْسِیْ مَا انْتَهَتْ

اور میری کشتی کھڑی ہے اور باز آگئے تمام نفوس (اپنی خواہشات سے) اور میرا نفس باز نہیں آیا

اِلٰهِیْ اَسْئَلُكَ فَتْحَ الْاَبْوَابِ تَرْحِیْبًا بِالطُّلَّابِ اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ

اے میرے الٰہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے (بارگاہِ کرم کے) دروازوں کے کھولنے کا سائلوں کو خوش آمدید کہنے کیلئے۔ اے اللہ دوری

بَیْنَنَا وَبَیْنَ الشِّرْكِ بُعْدًا لَّیْسَ لَهٗ حَدٌّ وَاخْتِمْ لَنَا بِالْاِیْمَانِ وَ

پیدا فرما درمیان میرے اور درمیان شرک کے اتنی دوری کہ جس کی حد ہی نہیں اور ہمارا خاتمہ ایمان پر فرما اور

اَمْزِجْهُ بِالرُّوْحِ وَالْجَسَدِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ بِرِضَاكَ ضَعْفِیْ

ایمان کو ملا دے ہمارے روح اور جسم کے ساتھ۔ اے اللہ میں کمزور ہوں پس قوی فرما مجھے اپنی رضا کے ساتھ اور بنا دے

وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰی رَغْبَتِیْ وَبَلِّغْنِیْ بِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ اَرْجُوْ

اسلام کو میری رغبت کا منتہیٰ اور پہنچا مجھے بطفیل اپنی رحمت کے جس کا میں امید وار ہوں

رَحْمَتَكَ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلْ لِّیْ وُدًّا فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ

اپنی رحمت خاص تک۔ اور پکڑ کر متوجہ کر طرف خیر کے میری پیشانی کو اور پیدا فرما میری محبت ایمان داروں کے سینوں

آمَنُوا وَعَهْدًا عِنْدَكَ فِي قُلُوبِ جَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ يَا وَدُودُ اللَّهُمَّ

ہیں اور میرا عہد اپنے ہاں تمام مومنین کے قلوب میں اے وودود۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُعَلِّمِينَ وَالْمُتَعَلِّمِينَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جو سردار ہیں معلموں کے اور اللہ تعالیٰ سے تعلیم پانیوالوں کے

اللَّهُمَّ أَنْتَ الْعَالِمُ وَأَنَا الْغَافِلُ فَمَنْ يَدْعُ الْغَافِلُ إِلَّا الْعَالِمُ

اے اللہ تو ہی عالم ہے اور میں ہی غافل ہوں پس کسی کو پکارے غافل سوائے عالم کے

يَا رَبِّ اللَّهُمَّ أَنْتَ الْحَقُّ وَأَنَا الْبَاطِلُ فَمَنْ يَدْعُ الْبَاطِلُ إِلَّا

اے میرے پروردگار۔ اے اللہ تو ہی حق اور دائم ہے اور میں زائل و فنا پذیر ہوں تو کس کو پکارے فانی سوائے

الْحَقَّ يَا رَبِّ اللَّهُمَّ أَنْتَ الْعَادِلُ وَأَنَا الْمَظْلُومُ فَمَنْ يَدْعُ

باقی و دائم کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی عادل ہے اور میں مظلوم ہوں پس کس کو پکارے مظلوم

الْمَظْلُومُ إِلَّا الْعَادِلَ يَا رَبِّ اللَّهُمَّ أَنْتَ الْمَعْبُودُ وَأَنَا الْعَابِدُ

سوائے عادل کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی معبود ہے اور میں عابد ہوں

فَمَنْ يَدْعُ الْعَابِدُ إِلَّا الْمَعْبُودَ يَا رَبِّ اللَّهُمَّ أَنْتَ الْقَائِمُ وَأَنَا

پس کس کو پکارے عابد سوائے اپنے معبود کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی قائم (اور ابدی) ہے اور میں

الْمَعْدُومُ فَمَنْ يَدْعُ الْمَعْدُومُ إِلَّا الْقَائِمَ يَا رَبِّ اللَّهُمَّ

معدوم ہونے والا ہوں تو کس کو پکارے معدوم سوائے قائم کے اے میرے رب۔ اے اللہ

أَنْتَ الْقَاسِمُ وَأَنَا الْمَقْسُومُ فَمَنْ يَدْعُ الْمَقْسُومُ إِلَّا الْقَاسِمَ يَا رَبِّ

تو ہی قاسم ہے اور میں قسمت و نصیب دیا جانے والا ہوں تو کس کو پکارے طالب قسمت سوائے قاسم کے اے میرے

اللَّهُمَّ أَنْتَ الرَّبُّ وَأَنَا الْمَرْبُوبُ فَمَنْ يَدْعُ الْمَرْبُوبُ إِلَّا الرَّبَّ يَا رَبِّ

رب۔ اے اللہ تو پالنے والا ہے اور میں پرورش پانے والا ہوں تو کس کو پکارے پرورش پانے والا سوائے اپنے رب کے اے میرے رب

اللَّهُمَّ أَنْتَ الْقَادِرُ وَأَنَا الْمَقْدُورُ فَمَنْ يَدْعُ الْمَقْدُورُ إِلَّا الْقَادِرَ يَا رَبِّ

اے اللہ تو ہی قادر ہے اور میں تیرے تصرف میں ہوں تو کس کو پکارے ماتحت سوائے اپنے مالک قدرت کے اے میرے رب

يَا بَدِيعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا حَمِيدُ اَنْتَ الْمَحْمُودُ وَرَبُّنَا الْمَعْبُودُ يَا وَدُودُ

اے عجائب کو خیر کے ساتھ ایجاد فرمانے والے ۔ اے حمید تو ہی محمود ہے اور رب ہمارا معبود ہے ۔ اے ودود

اَنْتَ الْمَوْدُودُ وَفَضْلُكَ الْمَعْهُودُ وَيَا بَرُّ اَنْتَ الْبَارُّ وَبِرُّكَ الْمَوْعُودُ وَ

تو ہی مستحق مودت و محبت ہے اور تیرا فضل معلوم و معروف ہے اور اے احسان کرنے والے تو ہی محسن ہے اور تیرا احسان موعود ہے

خَيْرُكَ الْمَشْهُودُ يَا حَيُّ كُنْتَ حَيًّا حِيْنَ لَا حَيَّ وَتَكُوْنُ حَيًّا حِيْنَ لَا حَيَّ

اور تیری خیر دیکھی بھالی ہے ۔ اے حیّ تو زندہ تھا جبکہ کوئی بھی زندہ نہیں تھا اور زندہ ہوگا جبکہ کوئی زندہ نہیں ہو گا

يَا قَآئِمُ اَنْتَ الْقَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَالْمُجَازِىْ بِمَا عَمِلَتْ

اے نگران تو ہی نگرانی فرمانے والا ہے ہر نفس پر اس کی کمائی میں ۔ اور جزا دینے والا ہے اس کے عمل کی

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا جَمِيْلُ اَنْتَ الْمُجَمِّلُ الْجَلِيْلُ فَلَا يَحِقُّ هٰذَا

اے مالک جلال و اکرام کے ۔ اے جمیل تو ہی جمال بخشنے والا، بزرگی والا ہے پس نہیں لائق یہ

الْاِسْمُ اِلَّا لَكَ وَلَا يَلِيْقُ اِلَّا بِكَ اَنْتَ الْكَرِيْمُ الْمُكَرَّمُ وَاَنْتَ الْجَوَّادُ

اسم مگر تیرے ہی اور نہیں موزوں مگر ساتھ تیرے ۔ تو کریم مکرم ہے اور تو صاحب جودو

الْمُنْعِمُ وَخَيْرُكَ كَثِيْرٌ وَّفَضْلُكَ كَبِيْرٌ يَّا كَبِيْرُ الْمُتَكَبِّرُ لَكَ النَّعْمَآءُ وَ

صاحب انعام ہے اور تیری خیر عام ہے اور تیرا فضل بہت بڑا ہے ۔ اے کبیر اے مالک کبریائی کے تیری ملک میں ہی ہیں

الْكِبْرِيَآءُ لَا يَنْبَغِىْ لِاَحَدٍ الْخُشُوْعُ اِلَّا لَكَ وَالتَّوَكُّلُ اِلَّا عَلَيْكَ وَ

نعمتیں اور کبریائی، نہیں زیبا کسی کو خشوع مگر تیرے لیے اور نہ توکل مگر تجھ پر اور نہ

الْاِعْتِصَامُ اِلَّا بِكَ وَالتَّفْوِيْضُ اِلَّا اِلَيْكَ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ اَنْتَ الرَّبُّ

عصمت حاصل کرنا مگر ساتھ تیرے ۔ اور نہ امور کو سونپنا مگر طرف تیرے ۔ اے فرد ۔ اے یکتا تو ہی رب ہے

وَكُلُّنَا لَكَ الْعَبْدُ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَلَا نَدْعُوْ لَكَ وَالِدًا وَّلَا وَلَدًا اَيَّا

اور ہم سب تیرے عبد، تیرا کوئی شریک نہیں ہے ۔ نہ ہم تیرے لیے والد مانتے ہیں اور نہ اولاد ۔ اے

اَحَدُ يَا حَيُّ اَحْيِنِىْ حَيَاةً طَيِّبَةً وَّاسْقِنِىْ مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ اَعْذَبَهٗ

یگانہ ، اے حی مجھے پاکیزہ زندگی عطا فرما اور مجھے پلا اپنے شراب محبت سے شیریں تر

وَاَطْيَبَهٗ يَا حَبِيْبُ اِلٰهِيْ حَقِّقْ حَيَاتِيْ بِكَ تُحَقِّقُنِيْ بِحَقَائِقِهَا فَهِيَ

اور پاکیزہ تر شراب اے حبیب ۔ اے میرے خدا میری حیات کو پائیدار بنا ساتھ اپنی توفیق کے مجھے قائم فرمائے اس کے حقائق کے

بِحَقَائِقِهَا اَيْضًا سِوَاكَ كَمَآ اَنَّهَا بِصُوَرِهَا سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

ساتھ اور یہ حیات (مخلوقہ) اپنے حقائق کے لحاظ سے بھی تیری غیر ہے جیسے کہ باعتبار صور کے تیری غیر اور سوا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى كُلِّ مَنْ لَّهٗ نِسْبَةٌ اِلَيْهِ صُوْرَةً اَوْ مَعْنًى

سلام اور برکات نازل فرما ان پر اور ہر اس شخص پر جسے ان سے کسی طرح کی نسبت ہو صوری ہو یا معنوی

دِيْنِيَّةً قَلْبِيَّةً اَوْ رُوْحِيَّةً نَّبَوِيَّةً اَوْ وَلَوِيَّةً اَللّٰهُمَّ اَعْفِنِيْ فِي

دینی قلبی ہو یا روحی نبوی خواہ ولایت والی ۔ اے اللہ مجھے عفو سے بہرہ ور فرما

الدَّارَيْنِ بِسَيِّدِيْ وَسِيَادَتِهٖ وَبِعِزَّتِهٖ وَقَبُوْلِهٖ فِي الْكَوْنَيْنِ وَكُلٌّ

دارین میں بطفیل میرے آقا اور ان کی سیادت کے اور بطفیل ان کی عزت و قبولیت کے کونین میں اور سبھی

يَّرْجِعُ اِلَيْكَ وَلَا يَجْرِي الْفَنَآءُ وَلَا الزَّوَالُ عَلَيْكَ يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ

تیری طرف رجوع کرنے والے ہیں اور نہیں جاری ہو سکتی فناء اور زوال تجھ پر اے صحیح و سالم پیدا کرنے والے

اَحْدَثْتَ كُلَّ شَيْءٍ سِوَاكَ كَمَآ اَرَدْتَّ وَبَرَاْتَ فَاَحْكَمْتَ وَ

اے صورتیں بنانے والے، تو نے ہی پیدا کیا ہے اپنے علاوہ ہر موجود کو جیسے ارادہ فرمایا اور تو نے پیدا فرمایا پس مضبوطی بخشی اور

صَوَّرْتَ وَخَلَقْتَ فَاَحْسَنْتَ وَسَوَّيْتَ فَعَدَلْتَ يَا وَاحِدُ يَآ

صورتیں بنائیں اور وجود بخشا پس خوب بنایا اور درستی بخشی پس موزوں ترین بنایا اے واحد اے

اَحَدُ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَلَا مِثْلَ لَكَ وَلَا نَظِيْرَ لَكَ يَا غَنِيُّ وَلَا وَزِيْرَ لَكَ وَ

احد۔ نہیں شریک تیرے لیے اور نہ مثل تیری اور نہیں ہے نظیر تیری اے بے نیاز اور نہ کوئی تیرا وزیر ہے اور

لَا مُشِيْرَ لَكَ وَلَا مُعِيْنَ لَكَ وَلَا نِدَّ لَكَ وَلَا جَارَ لَكَ وَلَا حَدَّ لَكَ وَلَا

نہ کوئی تیرا مشیر اور نہ مددگار۔ نہ کوئی مدمقابل۔ نہ پڑوسی۔ اور نہ کوئی تیری حد ہے نہ

كُفُوَ لَكَ وَلَا ضِدَّ لَكَ وَلَا مُنَازِعَ لَكَ وَلَا مُدَبِّرَ لَكَ وَلَا مُعِيْنَ

تیری کفو ہے اور نہ ہی ضد اور نہ کوئی تیرے ساتھ نزاع کرنے والا اور نہ تدبیر کرنے والا اور نہ اعانت کرنیوالا

لك ولا ظهير لك بل كان قبل وجود العالمين اجمعين ولم يزل

اور نہ پشت پناہ ۔ بلکہ (تو) تھا تمام جہانوں سے قبل اور ہمیشہ سے تھا

ولم يزل سبحانه وتعالى مليكا كريما قيوما ابد الابدين ودهر

اور ہمیشہ رہا اللہ سبحانہ وتعالیٰ صاحب ملک، صاحب کرم، قائم رہنے والا ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جبتک اہل دہر موجود

الداهرين فهو احاطتي من جميع الشياطين والسلاطين وعون

رہیں گے پس وہی میری نگہداشت کرنے والا ہے تمام شیاطین و سلاطین سے اور میرا مددگار رہے

لي من جميع الاقربين والابعدين يا ماجد يا مجيد لك المجد كله

تمام تر قریبیوں اور دور کے رشتے والوں سے ۔ اے ماجد ۔ اے مجید ۔ بزرگی تمام تر تیرے ہی لیے ہے

ولك الحمد كله ولك الخلق كله واليك يرجع الامر كله الحمد لله

اور تیرے ہی لیے ہے حمد تمام تر اور تیرے لیے ہی ہے مخلوق سبھی اور تیری طرف ہی لوٹتا ہے ہر امر، تمام تر حمد اللہ کیلئے

الاول قبل الانشاء والاحياء والاخر بعد فناء الاشياء العليم الذي

ہے جو پہلے ہے (ہر چیز کی) ایجاد اور احیاء سے اور آخر و باقی ہے تمام اشیاء کی فناء کے بعد بھی ۔ ایسا علیم ہے کہ

لا ينسى من ذكره ولا ينقص من شكره ولا يخيب من دعاه ولا يقطع

نہیں بھلاتا اپنا ذکر کرنے والوں کو اور نہیں کمی کرتا شکر گزاروں کی جزاء میں اور نہیں محروم رکھتا اپنے دعا کرنے والوں کو اور نہیں قطع

رجاء من رجاه اللهم اني اشهدك وكفى بك شهيدا واشهد جميع

کرتا امید رکھنے والوں کی امید کو ۔ اے اللہ میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تو کافی ہے بطور گواہ کے اور گواہ بناتا ہوں تیرے تمام

ملائكتك وسكان سمواتك وحملة عرشك ومن بعثت من

ملائکہ اور آسمانوں میں بسنے والوں کو ۔ اور حاملین عرش کو اور جنہیں تو نے مبعوث فرمایا یعنی

انبيائك ورسلك وانشأت من اصناف خلقك واني اشهد انك

انبیاء ورسل کو اور جنہیں ایجاد فرمایا یعنی تمام اقسام کی مخلوق کو اور بے شک میں گواہی دیتا ہوں کہ تو

انت الله لا اله الا انت وحدك لا شريك لك ولا عديل لك ولا

ہی اللہ ہے نہیں معبود برحق مگر تو ہی اکیلا تیرا شریک نہیں اور نہ ہم پلہ اور تیرے قول کا

خُلْفَ لِقَوْلِكَ وَلَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمَاتِكَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

خلاف نہیں ہو سکتا اور نہ تیرے کلمات میں تبدیلی اور یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ

وَسَلَّمَ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ اَدّٰى مَا حَمَّلْتَهٗ اِلَى الْعِبَادِ وَجَاهَدَ فِى اللّٰهِ عَزَّ

وسلم تیرے عبد خاص اور رسول برحق ہیں، انہوں نے ادا کر دیا بندوں کی طرف تیرا بار رسالت اور انہوں نے جہاد کیا اللہ

وَجَلَّ حَقَّ الْجِهَادِ وَاَنَّهٗ بَشَّرَ بِمَا هُوَ حَقٌّ مِّنَ الثَّوَابِ وَاَنْذَرَ بِمَا هُوَ

عزوجل کی راہ میں جیسے کہ حق تھا جہاد کا اور یہ کہ انہوں نے بشارت دی ثواب برحق کی ۔ اور ڈرایا ساتھ

صِدْقٌ مِّنَ الْعِقَابِ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِىْ عَلٰى دِيْنِكَ مَا اَحْيَيْتَنِىْ وَلَا

اس عذاب و عقاب کے جو سچا اور واقعی ہے ۔ اے اللہ مجھے اپنے دین پر ثابت قدم رکھ جب تک مجھے زندہ رکھے اور نہ

تُزِغْ قَلْبِىْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِىْ وَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ

ٹیڑھا کر میرے دل کو بعد ہدایت دینے کے اور عطا فرما مجھے اپنی طرف سے رحمت خاصہ بے شک تو

اَنْتَ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

ہی عطا کرنے والا ہے ۔ اے وہاب ۔ اے وہاب ۔ اے وہاب اور رحمت کاملہ نازل فرما محمدؐ پر

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِىْ مِنْ اَشْيَاعِهٖ وَشِيْعَتِهٖ وَاحْشُرْنِىْ فِىْ زُمْرَتِهٖ

اور آل محمدؐ پر اور مجھے ان کی جماعت اور گروہ سے بنا اور مجھے انہیں کی جماعت میں اُٹھانا

وَوَفِّقْنِىْ لِاَدَآءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ وَمَآ اَوْجَبْتَ عَلَىَّ فِيْهَا مِنَ الطَّاعَاتِ

اور مجھے توفیق دے فرض جمعوں کی اور ان میں واجب و لازم طاعات کی ادائیگی کی اور

وَقَسَمْتَ لِاَهْلِهَا مِنَ الْعَطَآءِ فِىْ يَوْمِ الْجَزَآءِ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

جو قسمت فرمائی اہل طاعات کے لیے عطا سے یوم جزاء میں بیشک تو غالب حکمت والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْٓ اَذْهَبَ اللَّيْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِهٖ وَجَآءَ بِالنَّهَارِ مُبْصِرًا

تمام تر حمد و ثناء اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو لے گیا تاریک رات کو اپنی قدرت سے اور لے آیا روشن دن کو

بِرَحْمَتِهٖ وَكَسَانِىْ ضِيَآءَهٗ وَاٰتَانِىْ نِعْمَتَهٗ اَللّٰهُمَّ فَكَمَآ اَبْقَيْتَنِىْ لَهٗ

اپنی رحمت کے ساتھ ۔ اور مجھے اسکی روشنی اوڑھائی اور اپنی نعمت عطا فرمائی ۔ اے اللہ پس جیسے تو نے باقی رکھا مجھے اس دن کیلئے

فَاَبْقِنِیْ لِاَمْثَالِهٖ وَصَلِّ عَلَى النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَفْجَعْنِیْ فِیْهِ وَ

مجھے اس جیسے دوسرے دنوں کے لیے باقی رکھ اور رحمت کاملہ نازل فرما محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اور نہ مجھے غمزدہ کر اس میں اور

فِیْ غَیْرِهٖ مِنَ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ بِارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ وَاكْتِسَابِ الْمَاٰثِمِ

نہ دوسری راتوں اور دنوں میں حرام کاموں کے سرزد ہونے سے اور گناہ کمانے سے

وَارْزُقْنِیْ خَیْرَهٗ وَخَیْرَ مَا فِیْهِ وَخَیْرَ مَا بَعْدَهٗ وَاصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّهٗ وَشَرَّ مَا

اور مجھے نصیب فرما اس کی خیر۔ جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر اور اس کے بعد کی خیر اور مجھ سے دور فرما اس کا شر۔ اور جو اس

فِیْهِ وَشَرَّ مَا بَعْدَهٗ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ بِذِمَّةِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ وَبِحُرْمَةِ

میں ہے اس کا شر اور اس کے بعد والے شر سے۔ اے اللہ میں ذمۂ اسلام کے ساتھ تیری طرف وسیلہ پکڑتا ہوں اور حرمت

الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَیْكَ وَبِمُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

قرآن کے ساتھ تجھ پر اعتماد کرتا ہوں اور وسیلۂ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ

اَسْتَشْفِعُ لَدَیْكَ فَاعْرِفِ اللّٰهُمَّ ذِمَّتِیَ الَّتِیْ رَجَوْتُ بِهَا قَضَاءَ

شفاعت طلب کرتا ہوں تیرے ہاں تو اے اللہ ملحوظ رکھ میری اس ضمانت کو جس کی بدولت میں نے امید رکھی ہے تجھ سے قضاء

حَاجَتِیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِیْ فِی الْخَمِیْسِ خَمْسًا

حاجات کی اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ فیصلہ فرما میرے لیے خمیس میں پانچ مطالب کا

لَا یَتَّسِعُ لَهَا اِلَّا كَرَمُكَ وَلَا یُطِیْقُهَا اِلَّا نِعَمُكَ سَلَامَةً اَقْوٰى

کہ نہیں گنجائش رکھتا ان کی مگر تیرا کرم اور نہیں استطاعت رکھتی ان کی مگر تیری نعمت (اول) سلامتی جس کی بدولت میں

بِهَا عَلٰى طَاعَتِكَ وَعِبَادَةً اَسْتَحِقُّ بِهَا جَزِیْلَ مَثُوْبَتِكَ وَسَعَةً

تقویت پاؤں تیری طاعت پر (دوم) عبادت جس کی بدولت مستحق ٹھہروں تیرے ثواب جزیل کا (سوم) وسعت

فِی الْحَالِ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ وَاَنْ تُؤْمِنَنِیْ فِیْ مَوَاقِفِ الْخَوْفِ

رزق حلال کی فوری طور پر۔ (چہارم) مجھے امن میں رکھے مقامات خوف میں اپنے

بِاَمْنِكَ وَتَجْعَلَنِیْ مِنْ طَوَارِقِ الْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ فِیْ حِصْنِكَ وَ

خاص امن کے ساتھ ۔ پنجم ۔ مجھے اپنے قلعۂ حفظ میں رکھے طاری ہونے والے ہموم و غموم سے ۔ اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ تَوَسُّلِىْ بِهٖ

رحمت کاملہ نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل سیدنا محمد پر اور میرے ان کے ساتھ وسیلہ پکڑنے کو بنا دے

شَافِعًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ نَافِعًا اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

شافع و نافع بروز قیامت۔ بیشک تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔ سب تعریفات اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں

الَّذِىْ جَعَلَ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا

جس نے رات کو لباس (کی مانند) بنایا۔ اور نیند کو موجب آرام و سکون اور دن کو سبب نشور اور کام کاج کے لیے بنایا

لَكَ الْحَمْدُ اَنْ بَعَثْتَنِىْ مِنْ مَّرْقَدِىْ وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَهٗ سَرْمَدًا حَمْدًا

تیرے لیے حمد ہے کہ تو نے مجھے نیند سے بیدار کیا اور اگر تو چاہتا تو اس کو ہمیشہ کی نیند بنا دیتا

دَآئِمًا لَّا يَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا يُحْصِىْ لَهُ الْخَلَآئِقُ عَدَدًا اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

ایسی حمد کہ دائم اور مسلسل اور تمام مخلوقات اس کے اعداد کا احاطہ نہ کر سکیں۔ اے اللہ تیرے ہی لیے حمد ہے

اَنْ خَلَقْتَ فَسَوَّيْتَ وَقَدَّرْتَ وَقَضَيْتَ وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ وَاَمْرَضْتَ

کہ تو نے پیدا کیا پس درست بنایا اور اندازہ لگایا اور عمل فرمایا اور موت دی اور زندہ فرمایا اور مریض

وَشَفَيْتَ وَعَافَيْتَ وَاَبْلَيْتَ وَعَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَيْتَ وَعَلَى الْمُلْكِ

بنایا اور شفا دی۔ عافیت دی اور آزمائش میں ڈالا۔ اور عرش پر غالب ہوا اور ملک کائنات پر

اِحْتَوَيْتَ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ مَنْ ضَعُفَتْ وَسِيْلَتُهٗ وَانْقَطَعَتْ

حاوی اور غالب ہوا میں تجھ سے دعا کرتا ہوں مانند ضعیف وسیلے والے کی دعا کے کہ منقطع ہو چکے ہوں

حِيْلَتُهٗ وَاقْتَرَبَ اَجَلُهٗ وَتَدَانٰى فِى الدُّنْيَآ اَمَلُهٗ وَاشْتَدَّتْ اِلٰى

جس کے اسباب و حیلے اور اس کی موت قریب آچکی ہو اور قریب آچکی ہو دنیا میں آرزو اس کی اور سخت ہو چکی

رَحْمَتِكَ فَاقَتُهٗ وَعَظُمَتْ لِتَفْرِيْطِهٖ حَسْرَتُهٗ وَكَثُرَتْ زَلَّتُهٗ وَ

ہو تیری رحمت کی طرف محتاجی اس کی اور عظیم ہو چکی ہو بوجہ کوتاہیوں کے حسرت اس کی اور بہت ہوں لغزشیں اس کی

عَثْرَتُهٗ وَخَلَصَتْ بِوَجْهِكَ تَوْبَتُهٗ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

اور گراوٹیں اور بہت ہو چکیں تیرے تصدق میں توبہ اس کی۔ پس رحمت کاملہ نازل فرما محمد آخر الزمان نبی پر

وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَارْزُقْنِىْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ
اور ان کے طیب و طاہر اہل بیت پر اور مجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت عطا فرما
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا تَحْرِمْنِىْ صُحْبَتَهٗ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ
اور مجھے ان کے شرف صحبت سے محروم نہ فرما بے شک تو ارحم الراحمین
الرّٰحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِىْ فِى الْاَرْبِعَاءِ اَرْبَعًا اجْعَلْ قُوَّتِىْ فِىْ
ہے۔ اے اللہ میرے لیے فیصلہ فرما بدھ کے دن میں چار چیزوں کا، میری قوت صرف فرما
طَاعَتِكَ وَنَشَاطِىْ فِىْ عِبَادَتِكَ وَرَغْبَتِىْ فِىْ ثَوَابِكَ وَزُهْدِىْ
اپنی طاعت میں اور میری مسرت و شادمانی اپنی عبادت میں اور میری رغبت اپنے ثواب میں اور میری بے رغبتی
فِيْمَا يُوْجِبُ لِىْ اَلِيْمَ عِقَابِكَ اِنَّكَ لَطِيْفٌ لِّمَا تَشَآءُ وَصَلَّى اللّٰهُ
ان امور میں بنا جو عذاب الیم کے موجب ہوں۔ بے شک تو احسان فرمانے والا ہے جس کے لیے چاہے اور رحمت کاملہ نازل
عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ
فرمائے اللہ تعالیٰ خیر خلق محمد پر اور آپ کی آل و اصحاب اور اہل بیت اور عترت پر اور قریبی برادری پر
وَاَظْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ اَجْمَعِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يُشْهِدْ اَحَدًا
اور آپ کے معاونین و انصار تمام پر۔ تمام تر حمد اللہ کے لیے ہے جس نے کسی کو گواہ نہ بنایا
حِيْنَ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا اتَّخَذَ مُعِيْنًا حِيْنَ بَرَءَ النَّسَمَاتِ
جبکہ آسمانوں اور زمینوں کو پیدا فرمایا اور نہ کسی کو معاون بنایا جبکہ ارواح و نفوس کو پیدا فرمایا
لَمْ يُشَارَكْ فِى الْاِلٰهِيَّةِ وَلَمْ يُظَاهَرْ فِى الْوَحْدَانِيَّةِ كَلَّتِ الْاَلْسُنُ
نہ کوئی اس کی الوہیت میں شریک اور نہ اس کی وحدانیت میں معاون۔ زبانیں گنگ ہیں اس
عَنْ غَايَةِ صِفَتِهٖ وَالْعُقُوْلُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِهٖ وَتَوَاضَعَتِ الْجَبَابِرَةُ
کی کامل تعریف سے اور عقول عاجز ہیں اس کی معرفت حقیقت سے اور سرنگوں ہو گئے سرکش
لِهَيْبَتِهٖ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِخَشْيَتِهٖ وَانْقَادَ كُلُّ عَظِيْمٍ لِّعَظَمَتِهٖ فَلَكَ
اس کی ہیبت کی وجہ سے اور جھک گئے چہرے اس کی خشیت سے اور تابعداری کی ہر صاحب عظمت نے اس کی عظمت کی وجہ سے پس تیرے

الْحَمْدُ مُتَوَاتِرًا مُّتَّسِقًا وَّمُتَوَالِيًا مُّسْتَوْثِقًا وَّصَلَوٰتُهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

ایسے ہی حمد ہے پے در پے، مسلسل اور لگاتار و مربوط اور اس کی رحمت کاملہ ہو اس کے رسول پر

اَبَدًا وَّسَلَامُهٗ دَآئِمًا سَرْمَدًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ يَوْمِيْ هٰذَا

ہمیشہ اور اس کا سلام ہو دائمی و سرمدی۔ اے اللہ بنا دے میرے اس دن کا پہلا حصہ

صَلَاحًا وَّاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّاٰخِرَهٗ نَجَاحًا وَّاَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَّوْمٍ

بہتری و درستگی۔ اور درمیانی حصہ کامیابی اور آخری حصہ خلاصی اور میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں ایسے دن سے

اَوَّلُهٗ فَزَعٌ وَّاَوْسَطُهٗ جَزَعٌ وَّاٰخِرُهٗ وَجَعٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ

کہ اس کا اوّل گھبراہٹ و بے چینی ہو اور درمیان بے صبری اور آخر درد و الم ہو۔ اے اللہ میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں

لِكُلِّ نَذْرٍ نَّذَرْتُهٗ وَكُلِّ وَعْدٍ وَّعَدْتُّهٗ وَكُلِّ عَهْدٍ عَاهَدْتُّهٗ ثُمَّ

ہر اس نذر کی جو میں نے مانی اور ہر اس وعدہ سے جو میں نے کیا اور ہر اس عہد سے جو میں نے کیا پھر

لَمْ اُوْفِ بِهٖ وَاَسْئَلُكَ فِيْ مَظَالِمِ عِبَادِكَ عِنْدِيْ فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِّنْ

میں نے اس کو پورا نہ کیا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے بندوں کے حقوق کے متعلق جو میرے پاس ہیں کہ جس تیرے

عَبِيْدِكَ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اِمَآئِكَ كَانَتْ لَهٗ قِبَلِيْ مَظْلَمَةٌ ظَلَمْتُهَا اِيَّاهُ

بندے یا باندی کا میرے پاس حق ہے جس میں میں نے ظلم کیا ہے اس پر

فِيْ نَفْسِهٖٓ اَوْ فِيْ عِرْضِهٖٓ اَوْ فِيْ مَالِهٖٓ اَوْ فِيْٓ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖٓ اَوْ غِيْبَةٌ

اس کی ذات میں یا عزت میں یا اس کے مال یا اس کے اہل و اولاد میں یا غیبت ہو

اغْتَبْتُهٗ بِهَآ اَوْ تَحَامُلٌ عَلَيْهَا بِمَيْلٍ اَوْ هَوًى اَوْ اَنَفَةٍ اَوْ حَمِيَّةٍ اَوْ

جو میں نے کی یا کسی پر ظلم و زیادتی ہوئی بسبب میلان یا خواہش نفس یا تکبر یا حمیت یا

رِيَآءٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ غَآئِبًا كَانَ اَوْ شَاهِدًا حَيًّا كَانَ اَوْ مَيِّتًا فَقَصُرَتْ

ریا کاری یا بیجا طرف داری کی وجہ سے غائب ہو یا حاضر، زندہ ہو یا فوت شدہ پس قاصر ہو گیا

يَدِيْ وَضَاقَ وُسْعِيْ عَنْ رَدِّهَآ اِلَيْهِ وَالتَّحَلُّلِ مِنْهُ فَاَسْئَلُكَ

میرا ہاتھ اور تنگ ہوئی میری وسعت اس کے لوٹانے سے یا معاف کرانے سے پس میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

يَا مَنْ يَمْلِكُ الْحَاجَاتِ وَهِيَ مُسْتَجِيبَةٌ لِمَشِيَّتِهِ وَمُسْرِعَةٌ إِلَى

اے کہ مالک ہے تمام حاجات کا جبکہ وہ حاضر ہیں اس کی مشیت کے آگے اور جلدی کرنے والی ہیں اس کے

إِرَادَتِهِ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تُرْضِيَهُ عَنِّي

ارادے کی طرف کہ صلواۃ بھیجے محمد اور آل محمد پر اور یہ کہ راضی کرے انہیں مجھ سے

بِمَا شِئْتَ وَتَهَبَ لِي مِنْ عِنْدِكَ رَحْمَةً إِنَّهُ لَا تَنْقُصُكَ

جس طرح چاہے اور عطا کرے مجھے اپنی طرف سے رحمت۔ تحقیق شان یہ ہے کہ کوئی کمی پیدا نہیں کرتی تجھ میں

الْمَغْفِرَةُ وَلَا تَضُرُّكَ الْمَوْهِبَةُ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اللَّهُمَّ

میری مغفرت۔ اور نہ ضرر پہنچاتی ہے تجھے میرے لیے عطا و بخشش اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ

أَوْلِنِي فِي كُلِّ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ نِعْمَتَيْنِ مِنْكَ ثِنْتَيْنِ سَعَادَةً فِي

عطا فرما مجھے ہر سوموار کے دن اپنی طرف سے دو نعمتیں ۔ سعادت مندی ساتھ تیری

أَوَّلِهِ بِطَاعَتِكَ وَنِعْمَةً فِي آخِرِهِ بِمَغْفِرَتِكَ يَا مَنْ هُوَ الْإِلٰهُ وَلَا

طاعت کے اس کے آغاز میں اور نعمت اندوزی ساتھ تیری مغفرت کے اس کے آخر میں۔ اے کہ وہی معبود برحق ہے

يَغْفِرُ الذُّنُوبَ سِوَاهُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ حَقُّهُ كَمَا يَسْتَحِقُّهُ

اور نہیں بخشتا گناہوں کو سوائے اس کے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور حمد اسی کا حق ہے جیسے کہ اس کے لائق ہے

حَمْدًا كَثِيرًا وَأَعُوذُ بِهِ مِنْ شَرِّ نَفْسِي إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلَّا

بہت زیادہ حمد۔ اور میں پناہ مانگتا ہوں اس کی اپنے شر نفس سے۔ بیشک نفس بہت حکم دینے والا ہے برائی کا مگر

مَا رَحِمَ رَبِّي وَأَعُوذُ بِهِ مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ الَّذِي يَزِيدُنِي ذَنْبًا إِلَى

یہ کہ رحم کرے میرا رب اور میں پناہ طلب کرتا ہوں اس کی شر شیطان سے جو اضافہ کرتا ہے میرے گناہوں میں

ذَنْبِي وَأَحْتَرِزُ مِنْهُ وَمِنْ كُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ وَسُلْطَانٍ جَائِرٍ وَعَدُوٍّ

اور میں حفاظت حاصل کرتا ہوں اس سے اور ہر سرکش فاجر اور جور پیشہ بادشاہ سے اور غالب دشمن سے

قَاهِرٍ اللَّهُمَّ اجْعَلْنِي مِنْ جُنْدِكَ فَإِنَّ جُنْدَكَ هُمُ الْغَالِبُونَ وَ

اے اللہ مجھے اپنے خاص لشکر سے بنا دے کیونکہ تیرا لشکر ہی غالب ہے اور

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ حِزْبِكَ فَاِنَّ حِزْبَكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ

مجھے اپنی جماعت میں سے بنا دے کیونکہ تیری جماعت ہی فلاح پانے والی ہے اور مجھے اپنے دوستوں

اَوْلِيَآئِكَ فَاِنَّ اَوْلِيَآئَكَ لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ اَللّٰهُمَّ

میں سے بنا دے کیونکہ تیرے دوستوں پر نہ خوف ہے اور نہ ہی وہ غمزدہ ہوں گے۔ اے اللہ

اَصْلِحْ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ فَاِنَّهٗ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيْ فَاِنَّهَا دَارُ

درست فرما میرے دین کو کیونکہ وہ بچاؤ (کا موجب) ہے میرے امور کے لیے اور درستگی فرما میری آخرت کی کیونکہ وہی میرا دار قرار ہے

مَقَرِّيْ وَاِلَيْهَا مِنْ مُّجَاوَرَةِ اللِّئَامِ مَفَرِّيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ

اور اسی کی طرف میرا مفر ہے کمینہ لوگوں کے پڑوس سے اور بنا دے زندگی کو میرے لیے موجب اضافہ کا

كُلِّ خَيْرٍ وَّالْوَفَاةَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہر خیر میں اور موت کو سبب میری راحت کا ہر شر سے۔ اے اللہ رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَتَمَامِ عِدَّةِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ

جو سب انبیاء کے خاتم ہیں اور مرسلین کی گنتی کو مکمل کرنے والے اور ان کی طیب و طاہر آل پر

الطَّاهِرِيْنَ وَاَصْحَابِهِ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَهَبْ لِيْ فِي الثُّلَثَاءِ ثَلٰثًا لَّا

اور منتخب و پسندیدہ اصحاب پر اور عطا فرما مجھے ہر (منگل) میں تین اشیاء

تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا غَمًّا اِلَّآ اَذْهَبْتَهٗ وَلَا عَدُوًّا اِلَّا

نہ چھوڑ میرے لیے کوئی گناہ بغیر بخشش کے اور نہ کوئی غم مگر اسے دور کر دے اور نہ کوئی دشمن مگر

دَفَعْتَهٗ بِبِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَ

اسے دفع کر دے بطفیل بسم اللہ کے جو تمام اسماء سے بہتر ہے۔ ساتھ نام اللہ کے جو رب ہے ارض و

السَّمَآءِ اَسْتَدْفِعُ كُلَّ مَكْرُوْهٍ اَوَّلُهٗ سَخَطُهٗ وَاَسْتَجْلِبُ كُلَّ مَحْبُوْبٍ

سماء کا۔ طلب کرتا ہوں دفاع ہر ناپسندیدہ امر کا جن میں سے اولین اس کی ناراضگی ہے اور طلب کرتا ہوں ہر محبوب

اَوَّلُهٗ رِضَاهُ فَاخْتِمْ لِيْ مِنْكَ بِالْغُفْرَانِ يَا وَلِيَّ الْاِحْسَانِ ۝ بِاسْمِ

امر کے حصول کو جن میں سے اولین امر اس کی رضا ہے پس خاتمہ فرما میرے لیے اپنی مغفرت کے ساتھ اے مالک احسان کے۔ ساتھ نام

اللهِ كَلِمَةَ الْمُعْتَصِمِينَ وَمَقَالَةَ الْمُتَحَرِّزِينَ وَاَعُوذُ بِاللهِ تَعَالٰى

اللہ کے جو کلمہ ہے عصمت حاصل کرنے والوں کا اور قول ہے حرز (پناہ) حاصل کرنے والوں کا اور میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں

مِنْ جَوْرِ الْجَآئِرِينَ وَكَيْدِ الْحَاسِدِينَ وَبَغْيِ الظَّالِمِينَ وَاَحْمَدُهٗ

ظالموں کے جور سے اور حاسدوں کے مکر سے اور ظالموں کے ظلم سے اور میں حمد کرتا ہوں

فَوْقَ حَمْدِ الْحَامِدِينَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيكٍ وَالْمَلِكُ

اس کی سب حمد کرنے والوں سے زائد ۔ اے اللہ تو واحد ہے بغیر شریک کے اور بادشاہ ہے

بِلَا تَمْلِيكٍ لَا تُضَادُّ فِي حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِي مُلْكِكَ

بغیر کسی کے بادشاہ بنائے تیرے حکم میں رکاوٹ نہیں ڈالی جاسکتی اور تیرے ملک میں نزاع نہیں کیا جا سکتا

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ وَاَنْ تُوزِعَنِي

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ صلواۃ نازل فرمائے اپنے عبد خاص اور رسول برحق محمدؐ پر اور توفیق دے مجھے

مِنْ شُكْرِ نَعْمَآئِكَ مَا تَبْلُغُ لِي غَايَةَ رِضَاكَ وَاَنْ تُعِينَنِي عَلٰى

اپنی نعمتوں کے شکر کی جو کہ مجھے پہنچائے تیری رضا کی انتہا تک اور میری اعانت فرمائے اپنی

طَاعَتِكَ وَلُزُومِ عِبَادَتِكَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ

اطاعت پر اور عبادت کے التزام پر اور اپنے ثواب کے استحقاق پر اپنے لطف و عنایت سے

وَتَرْحَمَنِي بِصَدِّي عَنْ مَّعَاصِيكَ مَا اَحْيَيْتَنِي وَتُوَفِّقَنِي لِمَا

اور مجھ پر رحم فرمائے مجھے روک کر اپنے گناہوں سے جب تک کہ مجھے زندہ رکھے اور مجھے توفیق دے نفع دینے والے

يَنْفَعُنِي مَا اَبْقَيْتَنِي وَاَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِي وَتَحُطَّ بِتِلَاوَتِهٖ

امور کی جب تک مجھے باقی رکھے اور کشادہ فرمائے میرے سینے کو اپنی کتاب کے ساتھ اور گرائے اس کی تلاوت کیساتھ

وِزْرِي وَتَمْنَحَنِي السَّلَامَةَ فِي دِينِي وَنَفْسِي وَلَا تُوحِشَ بِي

میرا بار گناہ اور عطا کرے میرے دین اور نفس میں سلامتی ۔ اور نہ وحشت میں ڈالے میری وجہ سے میرے

اَهْلَ اُنْسِي وَتُتِمَّ اِحْسَانَكَ فِيمَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِي كَمَا اَحْسَنْتَ فِيمَا

ساتھ انس رکھنے والوں کو اور اپنا احسان کامل فرمائے میری بقیہ عمر میں جیسے کہ احسان فرمایا

مَضٰی مِنْهُ یَآ اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَآئَكَ

گزری عمر میں اے حسین ترین خالق و موجد۔ اے اللہ ڈال میرے دل میں اپنی امید ورجاء

وَاقْطَعْ رَجَآئِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰی لَآ اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَكَ اَللّٰهُمَّ

اور قطع فرما میری اُمید کو اپنے ماسوا سے حتیٰ کہ نہ اُمید رکھوں میں تیرے علاوہ کسی سے۔ اے اللہ

مَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ یَنْتَهِ اِلَیْهِ

جس سے ضعیف و ناتواں ہے قوت میری اور قاصر ہے اس سے عمل میرا اور نہیں پہنچی اس تک

رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مِمَّآ اَعْطَیْتَ

رغبت میری اور نہ پہنچا اس تک سوال میرا اور نہیں جاری ہوا میری زبان پر یعنی اس یقین سے جو عطا کیا تو نے

اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَاٰتِنِیْ وَخُصَّنِیْ بِهٖ

کسی بھی شخص کو اولین وآخرین میں سے پس مجھے عطا کر اور مخصوص ٹھہرا مجھے ساتھ اس کے

بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِیْبُ وَاَنَا الدَّاعِیْ

ساتھ اپنی رحمت کے اے ارحم الراحمین۔ اے اللہ تو قبول کرنے والا ہے اور میں دعا کرنیوالا ہوں

فَمَنْ یَّدْعُ الدَّاعِیَ اِلَّا الْمُجِیْبُ یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَزِیْزُ وَاَنَا

تو کس کو پکارے دعا کرنے والا سوائے قبول کرنے والے کے اے رب میرے۔ اے اللہ تو ہی عزت والا ہے اور میں

الذَّلِیْلُ فَمَنْ یَّدْعُ الذَّلِیْلُ اِلَّا الْعَزِیْزَ یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

ذلیل ہوں تو کس کو پکارے ذلیل سوائے عزیز کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی

الْمُعْطِیْ وَاَنَا السَّآئِلُ فَمَنْ یَّدْعُ السَّآئِلُ اِلَّا الْمُعْطِیَ یَا رَبِّ

عطا کرنے والا ہے اور میں سوالی ہوں تو کس کو پکارے سوالی سوائے عطا کرنے والے کے اے میرے رب

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَهَّابُ وَاَنَا الْبَآئِسُ فَمَنْ یَّدْعُ الْبَآئِسُ اِلَّا الْوَهَّابَ

اے اللہ تو ہبہ کرنے والا ہے اور میں مشقت میں مبتلا ہوں تو کس کو پکارے مبتلائے شدت سوائے بخشنے والے کے

یَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُفَرِّجُ وَاَنَا الْمَغْمُوْمُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَغْمُوْمُ

اے میرے رب۔ اے اللہ تو ہی کشائش فرمانے والا ہے اور میں مغموم ہوں تو کس کو پکارے غمزدہ سوائے

إِلَّا الْمُفَرِّجَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمُنْجِيْ وَأَنَا الْغَرِيْقُ فَمَنْ يَّدْعُ

غم والم دور کرنے والے کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو نجات دہندہ ہے اور میں غرق ہونے والا ہوں تو کسے پکارے غریق

الْغَرِيْقُ إِلَّا الْمُنْجِيَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْغَفَّارُ وَأَنَا الْمُتَضَرِّعُ فَمَنْ يَّدْعُ

سوائے نجات دہندہ کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو مغفرت فرمانے والا ہے اور میں زاری کرنیوالا ہوں تو کس کو پکارے

الْمُتَضَرِّعُ إِلَّا الْغَفَّارَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الشَّافِيْ وَأَنَا الْمَرِيْضُ فَمَنْ

زاری کرنے والا سوائے غفار کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو شفا دینے والا ہے اور میں مریض ہوں تو کس کو

يَّدْعُ الْمَرِيْضُ إِلَّا الشَّافِيَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْبَاسِطُ وَأَنَا

پکارے مریض سوائے شافی کے اے میرے رب۔ اے اللہ تو کشادگی فرمانے والا ہے رزق کی اور میں

الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ يَّدْعُ الْمَبْسُوْطُ إِلَّا الْبَاسِطَ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ

وسعت رزق دیا ہوا ہوں تو کس کو پکارے وسعت دیا ہوا سوائے وسعت بخشنے والے کے اے میرے رب۔ اے اللہ

اقْبَلْ مَعْذِرَتِيْ وَتَوْبَتِيْ وَأَوْصِلْنِيْ إِلٰى مَقْصُوْدِيْ بِحُرْمَةِ

قبول فرما میری معذرت اور توبہ اور مجھے واصل فرما میرے مقصود تک بطفیل حرمت و عزت

حَبِيْبِكَ سَيِّدِ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ أَنْ تُرِيَنِيْ فِيْ مَنَامِيْ لِقَآءَ

اپنے حبیب سید اوّلین و آخرین کے کہ دکھلائے مجھے خواب میں دیدار اپنے

حَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَمَا رَجَوْتُ مِنْكَ وَأَكْرِمْنِيْ بِمَغْفِرَتِكَ خَطِيْئَتِيْ

حبیب اور نبی کا اور جس کی میں نے تجھ سے امید رکھی ہے اور مجھے عزت و اکرام بخش میرے گناہوں کی مغفرت کے

إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

ذریعے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ اے اللہ مجھے کفایت فرما اپنے حلال کے ذریعے اپنے حرام سے

وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَأَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

اور اپنی طاعت کے ذریعے اپنی معصیت سے اور بے نیاز فرما مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے ماسوا سے

إِلٰهِيْ خَلَقْتَنِيْ وَلَمْ أَكُ شَيْئًا ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَارْتَكَبْتُ الْمَعَاصِيَ

اے میرے خدا تو نے مجھے پیدا کیا اور میں کچھ بھی نہیں تھا۔ میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور گناہ کئے

وَاَنَا مُقِرٌّ بِذُنُوْبِیْ یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ اِنْ غَفَرْتَنِیْ یَا رَبِّ فَلَا یَنْقُصُ

اور میں اپنے گناہ کا اقراری ہوں ۔ اے میرے رب میرے لیے مغفرت فرما ۔ اے میرے رب اگر تو مجھے بخش دے تو نہیں کم ہو گی

مِنْ مُّلْكِكَ شَیْءٌ وَّاِنْ عَذَّبْتَنِیْ یَا رَبِّ فَلَا یَزِیْدُ فِیْ سُلْطَانِكَ

تیرے ملک سے کوئی شئے اور اگر مجھے عذاب دے اے میرے رب تو نہیں ترقی ہو گی تیری سلطنت میں

شَیْءٌ یَا رَبِّ تَجِدُ مَنْ تُعَذِّبُهٗ غَیْرِیْ وَاَنَا لَا اَجِدُ مَنْ یَّغْفِرُ لِیْ

ذرہ بھر ۔ اے میرے رب تو پاتا ہے جس کو عذاب دے سوائے میرے اور میں نہیں پاتا جو بخشے میرے

ذُنُوْبِیْ غَیْرَكَ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

گناہ سوائے تیرے ۔ اے عفور ۔ اے رحیم ۔ اے مہربان ۔ اے محسن ۔ اے صاحب جلال و اکرام

اَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ مَعْبُوْدٍ تَحْتَ عَرْشِكَ اِلٰی مُنْتَهٰی قَرَارِ الْاَرَضِیْنَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ تمام معبود جو تیرے عرش کے نیچے تمام زمینوں کے منتہائے قرار و سکون تک ہیں

بَاطِلٌ مَّا خَلَا وَجْهَكَ الْكَرِیْمِ اٰمَنْتُ بِاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ رَضِیْتُ

وہ سبھی باطل ہیں ماسوائے تیری ذات کریمہ کے ۔ میرا ایمان ہے کہ نہیں معبود برحق مگر تو ۔ میں راضی ہوں (اس عقیدہ پر)

رَبَّنَا یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ مِنَ النَّارِ وَنَجِّنِیْ مِنْ سَخَطِكَ

اے رب ہمارے ۔ اے فریادرس فریادیوں کے میری آتش جہنم سے مدد فرما اور مجھے اپنی ناراضگی سے نجات دے

وَاَجِرْنِیْ مِنْ عَذَابِكَ وَفَرِّجْ عَنِّیْ شَرَّ كُلِّ خَلْقِكَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اور اپنے عذاب سے پناہ دے اور دور فرما مجھ سے اپنی تمام مخلوق کا شر اے مالک جلال و اکرام کے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ التَّوْفِیْقَ رَفِیْقَنَا وَالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ طَرِیْقَنَا اَللّٰهُمَّ

اے اللہ بنا دے توفیق کو ہمارا رفیق اور صراط مستقیم کو ہمارا راستہ و طریقہ ۔ اے اللہ

اَوْصِلْنَآ اِلٰی مَقَاصِدِنَا وَتُبْ عَلَیْنَآ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ

ہمیں ہمارے مقاصد تک پہنچا اور ہم پر نظر رحمت فرما بے شک تو بہت ہی نظر رحمت فرمانے والا مہربان ہے ۔ اے اللہ

اُرْزُقْنَا لَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَآئِكَ اَللّٰهُمَّ بِكَ

ہمیں نصیب فرما اپنی ذات کے دیدار کی لذت اور اپنی ملاقات کا شوق ۔ اے اللہ تیری اعانت سے

أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ اَللّٰهُمَّ

ہم نے صبح کی اور تیری اعانت سے ہی شام کی اور تیری توفیق سے زندہ ہیں اور تیرے ہی مارنے سے مرتے ہیں اور تیری طرف ہی منتقل ہونا

إِنِّيْ أَصْبَحْتُ لَكَ لَا أَسْتَطِيْعُ دَفْعَ مَا أَكْرَهُ وَلَا أَمْلِكُ نَفْعَ مَا أَرْجُوْ مِنْ

ہے۔ اے اللہ میں نے تیرے لیے صبح کی ہے میں طاقت نہیں رکھتا ناپسندیدہ امور کے دور کرنے کی اور نہیں مالک اس نفع کا جس کی اُمید

